# New Model Paper - 1
# Urdu (First Language)
# (Composit Course)
# X Class 2020-21

Time : 3:15 Mts. | Max. Marks : 70

PART - A & B

**طلباء کے لیے ہدایات:**

1۔ یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پارٹ A اور پارٹ B پر مشتمل ہے۔

2۔ پارٹ A میں I۔ سمجھنا۔ ردِعمل ظاہر کرنا اور II۔ اظہارِ مافی الضمیر اور تخلیقی صلاحیت کا اظہار پر مبنی ہے۔

3۔ پارٹ B III۔ زبان شناسی پر مبنی ہے۔

4۔ سوالیہ پرچہ پارٹ A اور B کے مطالعہ کے لیے 15 منٹ اور سوالات کے جوابات کے لیے 3:00 گھنٹے مقرر ہیں۔

5۔ پارٹ A کے تمام سوالات کے جواب جوابی بیاض میں لکھیں۔ پارٹ B کے جوابات اسی پرچہ میں لکھیں۔

PART - A Marks : 70

**I۔ سمجھنا ۔ اظہارِ خیال کرنا (20 نشانات)**

(A) درجِ ذیل دیے گئے اشعار پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5 x 1 = 5

مس خام کو جس نے کندن بنایا کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا پلٹ دی بس آن میں اُس کی کایا

رہا ڈر نہ بیڑے کو موجِ بلا کا
ادھر سے اُدھر پھر گیا رُخ ہوا کا

1۔ یہ اشعار کس نظم کا حصہ ہیں؟

2۔ ان اشعار کے لکھنے والے شاعر کا نام کیا ہے؟

3۔ کس نے مس خام کو کندن بنایا؟

4۔ عرب پہ قرنوں سے کیا چھایا ہوا تھا؟

5۔ بیڑے کو کس کا ڈر نہ تھا؟

[Turn Over

(B) ذیل میں دی گئی عبارت پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5 x 1 = 5

راشدالخیری 1868ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ان کا نام محمد عبدالراشد تھا۔ان کے خاندان میں ایک مشہور بزرگ مولوی خیراللہ گزرے ہیں۔انہیں کے نام کی نسبت سے اپنا قلمی نام راشدالخیری رکھا۔مولوی نذیر احمد نے جو اُن کے پھوپھا تھے ان کو تعلیم کی طرف لگایا۔

رفتہ رفتہ ان کی طبیعت حصول تعلیم کی طرف اتنی راغب ہوئی کہ ملازمت سے استعفیٰ دے کر علمی مشاغل میں مشغول ہوئے۔پہلے ''رسالہ مخزن'' میں مضامین لکھتے رہے، بعد میں اس کے مدیر ہوگئے۔

6۔ راشدالخیری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

7۔ ان کا نام کیا تھا؟

8۔ مولوی خیراللہ کون ہیں؟

9۔ راشدالخیری کس رسالے کے مدیر ہوگئے؟

10۔ مولوی نذیر احمد سے اُن کا کیا رشتہ تھا؟

(C) درجِ ذیل اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ $2 \times 2^1/_2 = 5$

11۔ وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا  
مرادیں غریبوں کی بر لانے والا

12۔ ہیں اس کے در کے خاک نشیں اس قدر غنی  
خواہاں وہ ملک کے ہیں نہ جویا ہیں مال کے

13۔ کلی پہ بیلے کی کس ادا سے پڑا ہے شبنم کا ایک موتی  
نہیں یہ ہیرے کی کیل پہنے کوئی پری مسکرا رہی ہے

14۔ بے تاب اس قدر ہیں ترے اشتیاق مند  
جیسے طیور تازہ گرفتار جال میں

(D) مندرجہ ذیل اشعار کو مناسب الفاظ سے مکمل کیجیے۔ 5 x 1 = 5

15۔ مفاسد کا زیرو __________ کرنے والا

16۔ اسی پر ہمیشہ ____________ کرو تم

17۔ وہ ابر درفشاں ہے چمن میں ___________ کے۔

18۔ کرتے ہیں ____________ ہمیشہ اسی کا ذکر

19۔ فلک پر اس طرح چھپ رہے ہیں __________ کے گرد وپیش تارے

**II۔ اظہارِ مافی الضمیر ۔ تخلیقی اظہار (30 نشانات)**

(A) درجِ ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب لکھیے۔ 3 x 2 = 10

20۔ عرب کی کایا کیسے پلٹ گئی؟

21۔ بزرگانِ دین کے نزدیک دنیا کی حیثیت کیسی ہوتی ہے؟

22۔ مرزا غالب کے کلام کی نمایاں خصوصیات بیان کیجیے؟

23۔ نسخۂ کیمیا کسے کہا گیا ہے؟ اور کیوں؟

24۔ شہر میں رہ کر لوگ چاند کو بھولنے کی وجہ کیا ہے؟

25۔ قلی قطب شاہ کہاں کھڑے ہو کر بھاگ متی کو پکارنے لگا؟

26۔ آپ کے گھر میں کسی مہمان کا استقبال کس طرح کیا جاتا ہے؟

27۔ ہمارا ملک کن حالات سے دوچار ہے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(B) مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جواب لکھیے 3 x 5 = 15

28۔ گاؤں اور شہر کے درمیان فرق کو واضح کیجیے۔

29۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ کو اردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟

30۔ شہر میں آکر بسنے والا شخص گاؤں کی کن کن چیزوں سے محروم ہو جاتا ہے؟

31۔ حضرت محمد ﷺ کو رحمت العالمین کیوں کہا جاتا ہے؟

32۔ شاعر جوش ملیح آبادی نے اپنی نظم ''البیلی صبح'' میں منظر کشی کس طرح بیان کی ہے؟

33۔ شیخ ابراہیم ذوقؔ نے کس طرح حضرت سید عاشق نہال چشتیؒ کی قصیدہ میں کس طرح مدح سرائی کی ہے۔ بیان کیجیے۔

(C) درجِ ذیل میں سے کسی ایک خط کا جواب لکھیے ۔ 1 x 5 = 5

34۔ اپنے والد یا دوست کے نام خط لکھیے جس میں آپ کے امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

35۔ اپنے والد کے نام خط لکھیے اور بتائیے کہ آپ مستقبل میں کیا کرنا چاہتے ہیں؟

......◆......

# New Model Paper - 1
# Urdu (First Language)
# Composit Course
# X Class - 2020-21

Time : 30 Mts. | PART - B | Max. Marks : 20

**طلباء کے لیے ہدایات:**

1۔ ہر سوال کا جواب لکھیں۔

2۔ ہر سوال کے لیے 1 نشان مقرر ہے۔

3۔ پارٹ B کے سوالات کے جواب پارٹ B ہی میں لکھ کر پارٹ A کے ساتھ منسلک کریں۔

4۔ جوابات واضح ہوں۔ مبہم نہ ہوں

5۔ ایک بار جواب لکھنے کے بعد اُسکی تصحیح نہ کریں۔

**I۔ زبان شناسی: (20 نشانات)**

(A) مندرجہ ذیل دیے گئے معروضی سوالات کے جوابات کو مناسب جواب کا انتخاب کر کے A/B/C/D کو دیے گئے قوسین میں لکھیے۔ 10 x 1 = 10

1۔ لفظ ''پہاڑ'' کا مترادف لفظ ہے۔ (        )

(A) جبل (B) ثور (C) چشمہ (D) غصہ

2۔ لفظ 'غضب ناک' مثال ہے۔ (        )

(A) لاحقہ (B) سابقہ (C) مترادف (D) استعارہ

3۔ اپنے دوست کی غلطیوں کو فراموش کر دینا چاہئے۔ ''فراموش کر دینا'' کے معنی ہیں۔ (        )

(A) پکڑنا (B) ستانا (C) بھول جانا (D) بدنام

4۔ یہ جلسہ کل شب کو مقرر ہے۔ لفظ ''شب'' کی ضد ہے۔ (        )

(A) شام (B) روز (C) دوپہر (D) کل

5۔ قصیدے کے اجزائے ترکیبی ہیں۔ (        )

(A) تین (B) چار (C) چھ (D) پانچ

6۔ جملہ ختم ہونے کے بعد لگائی جانے والی علامت کہلاتی ہے۔ (       )

(A) قوسین (B) خط فاصل (C) سوالیہ (D) واوین

7۔ جب کسی لفظ کے سامنے ''الف لام'' لگا کر اسے پڑھا جائے تو کہلاتا ہے۔ (       )

(A) لاحقہ (B) سابقہ (C) حروفِ شمسی (D) حروف قمری

8۔ حضور اکرم ﷺ کی شان میں لکھی جانے والی نظم کو کہتے ہیں۔ (       )

(A) نعت (B) حمد (C) مرثیہ (D) قصیدہ

9۔ لفظ 'مسجد' کی جمع ہے۔ (       )

(A) منادر (B) گرجا گھر (C) مساجد (D) گردوار

10۔ علم عروض کے ذریعہ معلوم کیا جاتا ہے۔ (       )

(A) شاعر کا وزن (B) ردیف کی پہچان (C) قافیہ کی پہچان (D) اشعار کا وزن

(B) مندرجہ ذیل خالی جملوں کو پُر کیجیے 1 x 5 = 5

11۔ ایک شئے کو دوسری شئے کی مثل قرار دینا ____________ کہلاتا ہے۔

12۔ لفظ 'ہلال' کے معنی ____________ ہیں۔

13۔ غزل کے پہلے شعر کو ____________ کہتے ہیں۔

14۔ اللہ کی شان میں لکھی جانے والی نظم ____________ کہلاتی ہے۔

15۔ اصطلاح عروض میں تین حرفی لفظ کو ____________ کہتے ہیں۔

(C) ذیل میں دیے گئے جملوں کو جوڑ ملائیے۔ 1 x 5 = 5

| Group - A | | Group - B |
|---|---|---|
| (A) گواہی کے معنی ہیں | (       ) | (الف) کار |
| (B) 'خطا' کا لاحقہ ہے | (       ) | (ب) شہادت |
| (C) اصطلاح عروض میں دو حرفی لفظ کہلاتا ہے | (       ) | (ج) سکتہ |
| (D) مختصر ٹھہراؤ کے لیے استعمال ہونے والی علامت | (       ) | (د) صوت |
| (E) لفظ آواز کا مترادف لفظ ہے | (       ) | (ہ) آنکھ |
| | | (و) سبب |